TRAMWAY

گلاس (س) پرفارمنس اور ٹرام وے کی پیش کش

# البرٹ ڈرائیو

## آپ کے پڑوسی / ہمسائے کو آپ کا تعارف



فوٹو بشارت خان

## گائیڈ برائے تقریب 2013

Supported by Creative Scotland's First in a Lifetime Fund.



# دیباچہ


| | |
|---|---|
| البرٹ ڈرائیو پراجیکٹ/ منصوبے کا تعارف | 4 |
| البرٹ ڈرائیو: تقریبات کے پروگرام | 6 |
| پروڈیوسر کے نوٹ: گلاس (س) پرفارمنس | 8 |
| پروڈیوسر کے نوٹ: ٹرام وے | 9 |
| البرٹ ڈرائیو: کارکردگی | 10 |
| البرٹ ڈرائیو پڑوسیوں کی دیکھ بھال | 12 |
| البرٹ ڈرائیو: مشترکہ کھانے | 13 |
| البرٹ ڈرائیو: نمائش | 14 |
| البرٹ ڈرائیو پر نمائش | 16 |
| ٹریم وے 5 میں نمائش | 17 |
| پردہ آرپیتا شاہ | 18 |
| البرٹ ڈرائیو ٹی وی بشارت خان | 20 |
| لونگ روم بیٹھنے کے کمرے میں ڈانس جینس پارکر | 22 |
| ویواریئم نیک گرین | 24 |
| البرٹ ڈرائیو کلر چارٹ شونا مک مُلن | 26 |
| ہمارے پڑوسیوں کو خط گلاس (س) پرفارمنس | 28 |
| ہر کسی کا گھر گلاس (س) پرفارمنس اور ایدو آرکیٹکچر | 30 |
| البرٹ ڈرائیو: ٹیم سے ملاقات | 32 |
| ہمارے شراکت دار | 54 |
| البرٹ ڈرائیو پروجیکٹ شکریہ ادا کرنا چاہتا ہے | 58 |

# البرٹ ڈرائیو پراجیکٹ کا تعارف



البرٹ ڈرائیو آرٹسٹوں، رضا کاروں، بزنس مینوں، رہائش پذیر لوگوں، خاندانوں، افراد اور کمیونٹیز پر مشتمل ایک بہت بڑا آرٹ پروجیکٹ ہے، جس کا مقصد پولک شیلڈ گلاسگو ایک سڑک کے لوگوں کے تخلیقی خیالات تلاش کرنا اور فروغ دینا ہے

ٹرام وے میں اس پروجیکٹ کا آغاز اکتوبر 2011 میں تین مہینے کی مدت میں کیا گیا تا کہ اس پرجیکٹ کے بنیادی خیال کو البرٹ ڈرائیو پر ریسرچ اور ڈویلپ کیا جائے، اس وقت گلاس (ایس) پرفارمنس سال دوم کے طلبہ کے ساتھ جو کہ کنٹمپری پرفامنس پرکٹس پروگرام (رائل کنسرو ٹائر آف اسکاٹ لینڈ) سے وابستہ تھے اس پروجیکٹ کے پہلی شکل اور سیٹ پر کام کرنے کیلئے اکٹھا ہو چکے تھے، یہ ایک شو تھا جو تمام تماشائیوں اور اداکاری کرنے والوں کی کارکردگیوں کو دکھاتا ہوا البرٹ ڈرائیو سے گزرا تھا، اس پروجیکٹ کی پہلی کوشش بہت کامیاب ہوئی اور اسے بے حد سراہا گیا، یہ بات اس وقت ہمارے مدنظر تھی کہ ابھی بھی بہت سے خیالات کی تلاش باقی ہے، ابھی بہت سارے لوگوں سے ملاقات کا کام نامکمل ہے، اور اتنا کچھ ہمیں اپنے اس علاقے کے لوگوں کے بارے میں مزید جاننا ہے، اکتوبر 2012 میں ہم نے اس پروجیکٹ کے دوسرے حصے کا آغاز کیا، اور جس کا نتیجہ ہفتہ 6 جولائی 2013 کو یہاں ٹرام وے میں سامنے آنے والا ہے۔

پچھلے دس مہینوں میں ہم رہنے اور کام کرنے والے ایک ہزار لوگوں سے ملاقات کر چکے ہیں، ہم نے کمیونٹی سینٹرز، ہالز، اسکولز، گھر، ہومز، گارڈنز، چرچ، مساجد، گوردوارے، اور لیونگ رومز، کا دورہ کیا ہے، ہم نے لوگوں کے ساتھ، چائے، کافی، مینگولسی، اور گلاب جامن بھی کھائے ہیں، ہم نے گانے گائے، کہانیاں سنائیں بینگو کھیلی، اور فٹبال اور بیک گیمین کھیلی، ہم نے لوگوں کی پرانی تصاویر دیکھیں اور ان سے کھانا بنانے کی نئی تراکیب سیکھیں، بہت بڑے اور بہت معمولی موضوعات پر بات چیت کی گئی، وہ بات جس پر ہمارے خیالات ملتے اور باتیں بھی، جن پر ہم میں اختلاف ہوتا اس سب کے پیش نظر ہمارا وہ مقصد تھا کہ ہم اپنے علاقے میں موجود اپنے ہمسائیوں سے مل سکیں اور اس سوچ کو فروغ دے سکیں کہ آج کے اسکاٹ لینڈ میں مل کر رہنا کیسا لگتا ہے۔

ہمیں خوشی ہے کہ ہم آپ سب کو ٹرام وے میں آنے کی دعوت دے سکتے ہیں تا کہ آپ ہمارے اس پروجیکٹ کے بارے میں ایک نمائش کو دیکھ سکیں، اس نمائش میں ان آرٹسٹوں کا کام رکھا گیا ہے جو انہوں نے مقامی لوگوں کے ساتھ مل کر کیا ہے، اس میں مقامی دوکانداروں اور کمیونٹی کی طرف سے کھانا ہوگا، اور اس علاقے میں رہنے والے مقامی باشندوں اور کمیونٹی کی طرف سے پرفامنسز بھی ہوں گی، ہمیں امید ہے کہ آپ یہاں البرٹ ڈرائیو میں گزارے ہوئے اپنے وقت سے لطف اندوز ہوں گے،

البرٹ ڈرائیو پراجیکٹ تخلیقی ٹیم

# البرٹ ڈرائیو: تقریب کا پروگرام

## بروز ہفتہ 6 جولائی

| وقت | تقریب | بمقام |
|---|---|---|
| 12 بجے دوپہر | نمائش کی ابتدا | ٹرام وے 5 کے باہر |
| 12 تا 7 بجے شام | نمائش | ٹرام وے 5 |
| 12 تا 6 بجے شام | پڑوسیوں کی دیکھ بھال | ٹرام وے کی گلی اور پالکشیلڈ میں بہت سی دوسری جگہوں پر |
| 1 بجے دوپہر تا 3 بجے شام | مشترکہ کھانا | ٹرام وے 4 |
| 3 بجے دوپہر | پرفارمنس / کارکردگی | ٹرام وے 1 |
| 5 بجے شام تا 7 بجے شام | مشترکہ کھانا | ٹرام وے 4 |
| 7.30 بجے شام | پرفارمنس / کارکردگی | ٹرام وے 1 |

## بروز اتوار 7 جولائی

| وقت | تقریب | بمقام |
|---|---|---|
| 12 تا 6 بجے شام | نمائش | ٹرام وے 5 |
| 12 تا 6 بجے شام | پڑوسیوں کی دیکھ بھال | ٹرام وے کی گلی اور پالکشیلڈ میں بہت سی دوسری جگہوں پر |
| 5 بجے شام تا 7 بجے شام | مشترکہ کھانا | ٹرام وے 4 |
| 7.30 بجے شام | پرفارمنس / کارکردگی | ٹرام وے 1 |

## بروز ہفتہ 6 جولائی تا بروز اتوار 11 جولائی

| وقت | تقریب | بمقام |
|---|---|---|
| منگل وار تا جمعہ: 12 تا 5 بجے شام<br>ہفتہ و اتوار: 12 تا بجے شام<br>(ناغہ بروز سوموار) | نمائش | ٹرام وے 5 |

## بروز اتوار 4 اگست

| وقت | تقریب | بمقام |
|---|---|---|
| 12 تا 4 بجے شام | ٹرام وے فیملی ڈے | ٹرام وے میں مختلف جگہوں پر |

## بروز جمعرات 17 اکتوبر

| وقت | تقریب | بمقام |
|---|---|---|
| 10 بجے صبح تا 6 بجے شام | سیمپوزیم | ٹرام وے 1 |

*براہ مہربانی نوٹ فرمالیں کہ ویوریم ٹرام وے باکس آفس میں شروع ہوگا

کھلنے کے اوقات: بروز منگل تا ہفتہ: 10.30 تا 7 بجے شام، بروز اتوار 12.30 تا 4.30 شام (سوموار بند)

## خصوصی نوٹ

نمائش میں باہر کی جگہیں اور جاری کام شامل ہوگا۔ ویوریم کے لیے ایک وقت میں حاضریں میں سے ایک ہی میمبر بزریعہ ٹرام وے باکس آفس حاضری لگوا کر شرکت کرسکتا ہے۔

یہ کام خاص طور پر چھوٹی عمر کے سامعین کے لیے مرتب کیا گیا ہے
تفصیلات کے لیے مہربانی فرما کر ٹرام وے کے این ڈبلیو ڈیسک سے رابطہ فرمائیں

یہ جب چاہیں شرکت کریں کے طور پر ہے اور اس کے کسی بھی مرحلہ پر اس میں شرکت فرما سکتے ہیں

یہ جب چاہیں شرکت کریں کے طور پر ہے اور اس کے کسی بھی مرحلہ پر اس میں شرکت فرما سکتے ہیں

یہ کام خاص طور پر چھوٹی عمر کے سامعین کے لیے مرتب کیا گیا ہے

یہ جب چاہیں شرکت کریں کے طور پر ہے اور اس کے کسی بھی مرحلہ پر اس میں شرکت فرما سکتے ہیں

نمائش میں باہر کی جگہیں اور جاری کام شامل ہوگا۔ ویوریم کے لیے ایک وقت میں حاضریں میں سے ایک ہی میمبر بزریعہ ٹرام وے باکس آفس حاضری لگوا کر شرکت کرسکتا ہے۔

ایک کمپنی کی حثیت سے ہمیں لوگوں اور کمیونٹی کی جانب سے جو محبت اور سننے کو بہت سی کہانیاں ملی اس کو ہم تھیٹر اور پرفامنس کے ذریعے پیش کرنے کی کوشش کریں گے،

اپنے کام میں ہم حقیقی لوگوں کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں اور افسانوی کرداروں اور ان کی کہانیوں کی بجائے ہم حقیقی لوگوں کی حقیقی آپ بیتیوں کو سامنے لاتے ہیں، پچھلے آٹھ سالوں میں ہم نے بیس کے لگ بھگ پرفامنس پیش کی ہیں جو کہ مختلف جگہوں پر مختلف لوگوں کے ساتھ مل کر پیش کی گئیں، نوجوانوں کے ساتھ ان کے والدین (فرام وئیر آئی ایم اسٹینڈ نگ 2008) ایک جوڑا جو اپنی شادی کی پچاسویں سالگرہ مناتا ہے (لائف لانگ 2010) ایک بیٹی اور اس کا باپ (چپ 2009) مختلف جینریشن کی عورتیں ایک خاندان میں (ہینڈمی ڈاؤن 2010) ایک پورا ٹاؤن فٹ بال پچ پر (ون آل 2009)۔

روزمرہ ہونے والے واقعات سے ہمیں دلچسپی ہے، کیونکہ وہ ہمیں یاد دلاتے ہیں کہ ہم آخر ایک انسان ہیں ہم امید رکھتے ہیں کہ ذاتیات دراصل ہمیں ذاتی سے اٹھا کر ان بین الاقوامی چیزوں کی طرف لے جاتی ہیں جو ہم سب میں یکساں ہیں اور اسطرح ہم ایک دوسرے کو بہتر طریقے سے جان سکتے ہیں۔

البرٹ ڈرائیو کا آئیڈیا دراصل ہمیں ایکسیریز بناتے وقت آیا جو کہ لوگوں کے باہمی تعلقات پر مبنی تھی اور اس کے بنانے کے نتیجے میں ہماری دلچسپی خاندانوں کے ذاتی تعلقات اور کمیونٹیز کے باہمی روابط کی طرف ہوئی جو کہ ایک ہی علاقے میں ایک دوسرے کے ساتھ رہتے ہوں اور آج کے ماڈرن اسکاٹ لینڈ کا حصہ ہوں۔

ہم جب اس پروجیکٹ پر کام کر رہے تھے تو بہت سے لوگوں نے ہم سے پوچھا صرف البرٹ ڈرائیو ہی کیوں؟ ہمارے لئے اس کی کئی وجوہات ہیں یہ وہ جگہ ہے جہاں بہت کچھ ہوتا ہے ہر طرح کے لوگ یہاں رہتے ہیں، خاندان، کاروباری لوگ، مقامی رہائشی، عبادت گاہیں، اسکولز، اور کمیونٹی گروپسز، اس رنگ و نسل کے امتزاج، لوگوں سے وابستہ انکی تاریخ ماضی اور آرکیٹیکچر سے ہمیں خیال دلایا کہ یہ جگہ اس پروجیکٹ کر شروع کرنے کے لئے آئیڈیل ہے۔

ہم نے البرٹ ڈرائیو کو اس لئے بھی چنا کیونکہ ہم خود بھی پولک شیلڈ کے رہنے والے ہیں، اس کا مطلب ہے کہ یہ پروجیکٹ ہمارے لئے ذاتی دلچسپی کے ساتھ ساتھ ہمارے ہمسائیوں کو جاننے کا بھی ذریعہ بنا ہے یہ ایک بہترین سفر تھا جس میں ہمیں ہر طرح کے لوگوں سے ملنے کا موقعہ ملا، اب ہمیں آپ سے ملنے کا شدت سے انتظار رہے گا۔

جیس تھورپ، تاشی گورے، اور ریچل اونیل

گلاس (ایس) پرفامنس

ٹرام وے ایک انٹرنیشنل آرٹ سپیس ہے جو کہ ماڈرن آرٹس کے پراجیکٹ کو کمیشن کرنے کے ساتھ ساتھ پرڈیوس کر کے پیش بھی کرتی ہے ہمارا نظریہ لوگوں کی اداکاری کے زریعے ایک دوسرے کے ساتھ جوڑنا ہے، ٹرام وے ایک ایسی جگہ ہے جہاں آپکو خوش آمدید کہا جاتا ہے جہاں آپ اپنے آپ کو اپنے خیالات کو مختلف کسی کے چیلینجز کو تجربات کو شئیر کر سکتے ہیں اور فروغ دے سکتے ہیں،

ویثوئل ( دیکھنے والے ) اور پرفامنگ ( اداکرنے والے ) آرٹ کے ذریعے 1998 سے لیکر اب تک ساؤتھ سائیڈ البرٹ ڈارائیو گلاسگو میں واقع ٹرام وے میں بہت سارا چیلنجنگ کام ہوا ہے اس میں دو تھیٹر کی جگہ موجود ہے دو ویثول آرٹ کی نمائش کی جگہ ہے، پھر عمارت کے اوپر کے حصے میں ایک حصہ لینے والا اسٹوڈیو اور کیفے بار کے ساتھ ساتھ نمائش منقعد کرنے کی جگہ بھی موجود ہے ٹرام وے اپنے ساتھ ساتھ باقی کی حصہ دار آرگنائزیشن کے ساتھ بھی رابطہ رکھے ہوئے ہے یہ ہیڈن گارڈنز کو عمارت کی ساؤتھ سائیڈ سے ملا دیتی ہے، اور اسکاٹش بیلے ہیڈکواٹر کو مشرق کی طرف سے اوپر کی منزل میں ہمارا ویثول آرٹ اسٹوڈیو ہے اور ہمارا کام کا کمرہ جو کہ اسکاٹ لینڈ کا آزاد ناچ کا اسٹوڈیو ہے۔

گلاس ( ایس ) اور البرٹ ڈارائیو پراجیکٹ کی باہمی ہم آہنگی سے نہ صرف ٹرام وے کو نئے مواقع میسر آئے بلکہ مقامی لوگوں اور دیکھنے والے لوگوں کے آپس کے تعلقات درست ہوئے اور گہرے ہوئے اس پروجیکٹ نے لوگوں کی توجہ اس طرف مبذول کروائی کہ یہ جگہ اس علاقے کے لوگوں کے لئے کتنی اہمیت کی حامل ہوسکتی ہے، ایک ایسی جگہ جہاں لوگوں کو اپنی کلچرل تخلیقات کو پیش کرنے کا موقع مل سکتا ہے، ہم اس بات میں یقین رکھتے ہیں جس طرح ہم جدید آرٹس کی نمائیندگی کرتے ہیں اسی طرح ہم مثال بھی پیش کرتے ہیں کہ کس طرح آرٹس کے زریعے مقامی اور بین االاقوامی تعلقات کو ہموار کیا جا سکتا ہے۔

روزمیری جیمس

ٹرام وے

# البرٹ ڈرائیو:  پرمارمنس/ کارکردگی



ابھی کچھ دنوں سے ہی میں تمہارے بارے میں سوچ رہی تھی، اوران سوالوں پر غور کر رہی تھی جو تم سے پوچھنے تھے کہ تم کون ہو؟ کیا کرتے ہو؟ اور ہر روز کہاں جاتے ہو؟

میں ہم دونوں کے درمیان مشترک اور غیر مشترک چیزوں پر غور کر رہی تھی۔

میں مشتاق ہوں تم سے ملنے کی اور دیکھنے کی کہ یہ ملاقات کیا رنگ لاتی ہے۔

میں تمہارے سوالوں کا جواب دینے کے محوانتظار میں ہوں۔

مارچ 2013 گلاس (ایس) پرفامنس نے پولک شیلڈ اوراس کے گردونواح کے علاقاؤں کو ایک کھلی دعوت دی تھی، جس میں تمام مقامی لوگوں کو شامل کیا جائے۔

ایک گروپ جو مختلف عمروں کے لوگوں پر مشتمل تھا، جس میں ہر قوم ونسل کے لوگ شامل تھے جو اپنے اپنے کلچر کی نمائندگی کرتے تھے معرض وجود میں آیا وہ اپنے ساتھ خیالات، سوچ، آراء، اور پولک شیلڈ کے بارے میں انکی یاداشتیں اور پولک شیلڈ میں اپنا ان کے لئے کیا معنی رکھتا ہے کا سیل رواں بھی لایا، وہ ایک دوسرے سے سوالات پوچھتے اوران کے جوابات بھی حاصل کرتے انہوں نے پرانے تعلقات کی نہ صرف تجدید نو کی بلکہ نئے تعلقات بھی بنائے زیادہ تر ان کا وقت ایک دوسرے کو جاننے میں گزرا۔

البرٹ ڈرائیو پرفامنس کسی ایک کی نہیں بہت سوں کی کہانی ہے کوئی ایک نہیں بہت سی آوازیں تھیں جو سب مل کر بول رہی تھیں، ایک دوسرے سے علاقے کے بارے میں جس میں سالہا سال سے ایک دوسرے کے ہمسائے تھے۔

**تخلیقی ٹیم:**

**ہدایت کار اور پیشکار منجانب:**

حاجرہ خان، راحیلہ خان، لائقہ عمر، آدم ماسٹرز، مشیل منٹگمری ماسٹرز، ڈیبی جیکسن، ریادین، فرانک نورٹن، عالیسن لی اون، بلینڈا کون وے، مارکس کون وے، مونا سلطان، رینی ہیتھرنگٹن، رضوان عجیب، سارہ ریاض، زارازاہد، شونا ینگ، وائلٹ ٹینش، اور وقاراحمد

**ہدایت کار اور پیشکار منجانب:**

جیس تھورپ اور تاشی گورے آف گلاس (س) پرفارمنس

**ترتیب وتدوین منجانب:** ریچل اونیل

**ٹیکنیکل مینیجر:** ایوالن ہرنانڈز

**روشنی ڈیزائین منجانب:** پال سورلی

**ویڈیو ڈیزائین منجانب:** ٹم ریڈ

**ڈپٹی سٹیج مینیجر:** لینسی جان سٹون

# البرٹ ڈرائیو: نیبر ہڈ واچ پڑوسیوں کی دیکھ بھال





## کیا آپ ایک چیلنج کیلئے تیار ہیں ؟

نیبر ہڈ واچ والے آپ کو ٹرام وے میں اپنے ساتھ شامل ہونے کی دعوت دیتے ہیں

- اپنا نیبر ہڈ واچ اسٹارٹر پیک ہم سے حاصل کیجئے پھر نیبر واچ نیوز ڈیسک پر رپورٹ کیجئے اور اپنے مشن کے بارے میں معلومات کے ساتھ ساتھ تازہ ترین خبروں کا مزہ لیجئے
- خاص طور پر تیار کیا گیا نیبر ہڈ واچ (پڑوسیوں کے لیے تیار کیا گئے) ڈیزائن واچ کاموں کے بارے میں جانکاری بھی حاصل کیجئے
- پولک شیلڈ میں ہونے والے تازہ ترین ایڈوانچر کی تلاش میں نکل جایئے
- اسٹیٹ آف دی آرٹ نیبر ہڈ ٹیکنالوجی کے ذریعے اپنی ٹیم کو اڈوانچرز کی اطلاع فراہم کیجئے
- ایک دوسرے سے آگے بڑھنے کا مقابلہ کیجئے -

جگر کو تھام لیں ٹیم یہ چیلنجز آسان نہیں اور یہ کمزور دل حضرات کے لئے بھی نہیں

## کیا آپ تیار ہیں؟

این ڈبل یو کے بارے میں معلومات:

پچھلے چھ مہینوں سے نیبر ہڈ واچ والے پولک شیلڈز کے پرائمری اسکولز میں ورکشاپس کر چکے ہیں۔انہوں نے کمیونٹی سنٹر میں موجود یوتھ کلب کے ساتھ بھی کام کیا اسکوائر پارک (میکیسوئل اسکوئر) میں بھی وہ براجمان ہے ، اگرچہ نیبر ہڈ واچ سب کیلئے ہے لیکن اس کا زیادہ زور اس بات پر ہے کہ وہ کھیل اور تماشے کے ذریعے نوجوان نسل کو اپنے ساتھ شامل کر سکیں چاہے اس میں فٹ بال، اسکوائر ریسز یا مختلف کارکردگیوں پر سرٹیفکیٹ دینا ہی کیوں نہ شامل ہو نیبر ہڈ واچ والے لوگون سے ملنے ملنے کیلئے نت نئے طریقے ڈھونڈتے رہتے ہیں

نیبر ہڈ واچ ٹیم میں، ٹام ہابز، سام فلپس، ایبی واٹسن، پال ٹرے ولٹا، جیمز، اوگلی تھارپ اور ایلس میلون شامل ہیں

## البرٹ ڈارائیو شیئرڈ میل (مشترکہ کھانہ مل بیٹھ کر کھانا کھانہ)





اس کا مقصد لوگوں کو ایک کھانے کی میز پر اکٹھا کرنا، تا کہ نا صرف وہ اپنے خیالات کا تبادلہ کر سکیں بلکہ ایک دوسرے کے ہمسائیہ ہونے کی حثیت سے آپس میں بھائی چارے اور تعلقات کو فروغ دے سکیں۔

یہ کھانا مقامی کاروباری حضرات اور مختلف ارگنائزیشن کی مدد سے فراہم کیا جاتا ہے ، یہ دراصل ایک بوفے کی شکل میں دیا جاتا ہے، جس کی ڈیشنز میں ہر طرع کے لوگوں کے ذائقے کلچرل بیک گرواﺅنڈ اور مختلف کھانے پینے کے اطوار کو مدنظر رکھا جاتا ہے، ہم آپ کو ٹرام وے میں آنے کی دعوت دیتے ہیں آیئے بیٹھئے اپنی پلیٹ بھریے اور اپنے ہمسائیوں کے ساتھ مل کر اسی کھانے کا لطف اٹھایئے۔

ہم آپ کو ٹرام وے 4 میں تشریف لا کر ہمارے ساتھ شرکت کی التماس کرتے ہیں، آیئے اپنی سیٹ پر بیٹھیے، پلیٹ بھریے، اور اپنے ہمسائیوں کے ساتھ مل کر اس کھانے کا لطف اٹھایئے۔

مشترکہ کھانے میں ہمارے ساتھ مندرجہ ذیل کا تعاون حاصل ہے۔


| | |
|---|---|
| شاندار سویٹس | سپائس گارڈن |
| ڈیلیشیس ٹو | کلچرل ککری ایٹ دی ہڈن گارڈن |
| الحمرا فوڈ سٹور | گلاسگو گوردوارا |
| ڈائمنڈ فروٹس | پالکشیلڈ چرچ آف سکاٹ لینڈ |
| بنانا لیف | حلال کباب ہاﺅس |
| پیزا ہب | ایم علی اینڈ برادرز |
| ٹرام وے | |



جنوری 2013 میں چھ کمیشنڈ آرٹسٹوں نے اس پروجیکٹ کو جوائن کیا جن کا مقصد ہمارے مقصد کی طرح البرٹ ڈرائیو اور اس کے گرد نواح کے لوگوں سے رابطہ کر کے ان سے جڑ جانا تھا وہ اپنے ساتھ نئے چہرے لیکر آئے اور فلم، فوٹوگرافی۔ انسٹالیشن، آرکیٹیکچر، پرفارمنس۔ ڈانس اور ویثول آرٹس سمیت اور بہت سارے ہنر جن کو استعمال میں لا کر انہوں نے اس پروجیکٹ کو نئی جدت سے آشنا کیا۔


اس نمائش میں ایک گروپ شو شامل ہے جس مین ارپیتا شاہ۔ نک گرین۔ جینس پارکر۔ شونا میکملن، بشارت خان، گلاس (ایس) پرفارمنس اور ایڈو آرکیٹیکچر کے کام کو دکھایا گیا۔

اس آرٹ ورک میں جو بھی کام شامل کیا گیا ہے وہ پولک شیلڈ گلاسگو کے لوگوں سے ساتھ مل کر کیا گیا ہے





## Exhibition in TRAMWAY 5


ٹرام وے 5میں نمائش




1: پردہ مقدس کپڑا اربیتا شاہ
2:البرٹ ڈرائیو ٹی وی بشارت خان
3:البرٹ ڈرائیو کلر چارٹ شونا مک ملن
4:ویواریم نک گرین
5:دی لیونگ روم ڈانسر:جینس پارکر
6:ہر کسی کا گھر (ایوری باڈیز ہاؤس) گلاس (س) پرمارمنس وایدوار کیٹیچر
ٹی5 نمائش کھلنے کے اوقات
منگل تا جمعہ 12 سے 5 بجے شام
ہفتہ اور اتوار: 12 سے 6 بجے شام (سوموار چھٹی)

# البرٹ ڈرائیو پر نمائش




***KEY:***
***Albert Drive TV Basharat Khan:***

البرٹ ڈرائیو ٹی وی بشارت خان:

- **A** **Libaas Fashions** لباس فیشنز
  174 Albert Drive
- **B** **Delicious Too** ڈیلیشیس ٹو
  183 Albert Drive
- **C** **Azad Newsagents** آزاد نیوز ایجنٹ
  259 Albert Drive
- **D** **Diamond Fruits** ڈائمنڈ فروٹس
  218 Albert Drive
- **E** **Islamic Relief** اسلامک ریلیف
  115-117 Albert Drive

## ویواریم نک گرین

دی نیو وکٹوریہ گارڈنز الاٹمنٹس گلین آپ سٹریٹ (البرٹ ڈرائیو کے ساتھ ہی)
مہربانی فرما کر نوٹ فرمالیں کہ ویواریم ٹرام وے میں شروع ہوگا
کھلنے کے اوقات: منگل تا ہفتہ 10.30 سے 7.00 شام
اتوار 12.30 سے 4.30 شام تک (سوموار چھٹی)
پڑوسیوں کو خطوط (لیٹرز ٹو آور نیبرز) گلاس (س) پر فارمنس
البرٹ ڈرائیو کے ساتھ 65 لائمپ پوسٹس پر

پردہ ایک سیریز آف پوٹریٹس ہے جس میں مسلمان ۔سکھ اور ہندو کمیونٹیز کی ایسی عورتوں کے پورٹیرسٹس شامل کئے گئے ہیں، جو اپنے سروں کو ڈھکتی ہیں یا پھر نقاب کرتی ہیں پردہ کا مطلب ساؤتھ ایشئن کلچر میں کچھ اور ہے ۔اور عربوں کے معاشرے میں کچھ اور، اس کا مطلب عام زبان میں وہ کپڑا ہو سکتا ہے جو کسی مقدس شے کو ڈھکنے کے لئے استعمال کیا جا تا ہو لیکن روایتی طور پر یہ پردہ کے لئے استعمال کیا جا تا ہے جو خاص طور پر خواتین اپنے آپ کو ڈھکنے اور چھپانے کے لئے کرتی ہیں ۔

شاہ کے پوٹریس میں عوتیں اسی طرح کے مقدس لباس کی نمائندگی کرتی ہوئی نظر آتی ہیں جو اپنی روزمرہ کی زندگی میں پہنتی ہیں یا پھر خاص موقعوں میں ان پوٹریس میں سکھ عورتوں کی دستار اور چنی پہنے ہوئے دکھایا گیا ہے، پھر ہندو عورتوں کو ساڑھی کے لباس میں دکھایا گیا ہے، اس میں مسلمان عورتوں کے پورٹریس بھی موجود ہیں جن میں انہوں نے مختلف اقسام کے حجاب اور ابایہ اور حجاب پہن رکھے ہیں ۔

پورٹریس کی اس سیریز کے اندر شاہ دکھاتی ہے کہ کس طرح عورت کا مقدس لباس اسکی جسمانی اور روحانی شخصیت کی نمائندگی کرتا ہے اس کا کام مقدس پردے کی تاریخی پس منظر کے ساتھ ساتھ اسکے جدید مقصد کو بھی سامنے لاکر اسکے معنی میں جدت پیدا کرنا ہے اور یہ دراصل آج کے زمانے کی ان عورتوں کو سامنے لاکر کیا گیا ہے جو آج بھی روائیتی انداز سے اپنے سروں کو ڈھکتی ہیں ۔

پردہ بڑی آہستگی سے ان کی نازک تہوں کو کھولتا ہے جو ہمیں بتاتی ہیں کہ ان مقدس لباس کی ان عورتوں کے لئے کیا اہمیت ہے اور وہ کس طرح اس کو معاشرتی مذہبی اور ذاتی توازن کے ساتھ اپنی نجی اور عوامی زندگی میں اپنائے ہوئے ہیں

پردہ کی تخلیق میں ارپیتا شاہ نے مندرجہ ذیل کے ساتھ مل کر کام کیا ہے ۔

غزالہ حکیم، عطیہ قیوم، ریشمہ شاہ، ثمینہ انصاری، رمیزہ بنت آسس، پرونکل گھمن، کومل حسین، شمیم رضا، کلوندر کور، سینٹرل گوردوارا، دی ڈکسن سینٹر، آمینہ، سٹریٹ لیول فوٹو ورک ۔



'حجاب' منجانب پردہ مقدس کپڑا، 2013

البرٹ ڈرائیو ٹیلی ویژن نے اس علاقے کے رہنے والے لوگوں کی زندگیوں اوران کے کاروباروں پر مشتمل بہت سی کہانیوں کو پیش کیا ہے اس میں مقامی کاروباروں کی اہمیت کو بھی اجاگر کیا گیا ہے یہ فلمز لوگوں سے ان کے گھر میں اور مقامی دکانوں میں ملاقاتوں کے ذریعے بنائی گئی اس کام کا مقصد مقامی لوگوں کا باہمی تعارف۔ ان کی سوچ اور آراء کو جاننا ہے یہ فلمیں دکھائی جائیں گی ان جگھوں پر جہاں وہ دن میں کئی بار جاتے ہیں خاص طور پر مقامی دوکانیں وغیرہ۔

البرٹ ڈرائیوٹی وی مقامی دوکانوں کے اندر موجود سی ٹی وی کی سکریز کو ایک مختلف طریقے سے استعمال کرے گا جب آپ اپنی خریداری میں مصروف ہیں یا انتظار میں لائن کے اندر کھڑے ہیں اس وقت سی سی ٹی وی پر آپ اپنے مقامی لوگوں کی خبروں سے لطف اندوز ہوسکیں گے۔

البرٹ ڈرائیوٹی وی کو بنانے کیلئے بشارت نے مندرجہ ذیل نے ساتھ مل کر کام کیا ہے:
محمد شفیق، سعد بٹ، شازیہ، زینب قریشی، سمیر چوہدری، رزوانہ عجیب، لباس فیشنز، اسلامک ریلیف، آزاد نیوز ایجنٹس، ڈیلیشز ٹو، ڈائمنڈ فرولس، نعمان علی، جاوید خان، یوون کیمرون، فرزانہ کوثر، گل مکولی، ڈان مکولی اینڈ محمد۔


Diamond
Fruits
RETAIL
WHOLESALE
Fruits

# لیونگ روم ڈانسز/ بیٹھنے کے کمرے کے رقص  جینس پارکر

مجھے یہ حقیقت بہت پیاری لگتی ہے کہ بہت سے افراد ناچنے یعنی ڈانس کو پسند کرتے ہیں کبھی اکیلے، کبھی خاندان کے ساتھ یا پھر دوستوں کی موجودگی میں مجھے یہ حقیقت بھی بہت اچھی لگتی ہے کہ ناچ کی حرکات سماجی اور ذاتی اظہار کا ایک ذریعہ ہیں یہ ملنا جلنا نہ صرف اپنی ذات کو ظاہر کرتا ہے بلکہ لوگوں کے ساتھ جوڑتا بھی ہے اور دنیا میں رہنے کا ایک ذریعہ بھی ہے اور مجھے یہ سوچ کر بہت اچھا لگتا ہے کہ کسی نہ کسی کا ہمسائیہ اس وقت ناچ رہا ہوگا۔

لیونگ روم ڈانسز (بیٹھنے کے کمرے کے ڈانس) کے لئے میں نے ہر ایک سے اس کے گھر جا کر ملاقات کی یا پھر کسی خاص مقام پر یا ایسی جگہوں پر جہاں ان کو ناچنے کا کوئی موقعہ مل سکتا تھا ہم نے ایک دوسرے کو کہانیاں سنائیں کچھ لوگ اس کے دوران ناچنے بھی لگے کچھ نے ڈانس کے بارے میں احساسات کو ہم سے بانٹا اور کچھ نے بتایا کہ ڈانس ان کی زندگی میں کیا اہمیت رکھتا ہے یاد کرنے میں اور ہمارے ساتھ ان کی یاداشتوں اور محسوسات کو شئیر کرنے میں خوشی کا عنصر پایا جاتا تھا،

ان میٹنگز کو ہم نے آوازوں کی شکل میں ریکارڈ کرلیا اور ان کو ایڈٹ (تدوین) کر کے ایک ایسی ساؤنڈ لوپ تیار کی جس میں سب کے پسندیدہ ڈانس کے تجربات ریکارڈ تھے جس جگہ پر بھی ہم نے اس فرد سے ملاقات کی تھی وہاں کی ایک تصویر اور اس کی ڈانس کی پسندیدہ پلے لسٹ جو ہم نے اس کیلیئے ریکارڈ کی تھی ہم نے انفرادی طور پر سب کو دیں تا کہ وہ اس پر اپنے گھروں میں آزادی سے ڈانس کر سکیں،

یہ نمائش  لیونگ روم ڈانسز کو جاری رکھنے کے لیے ایک دعوت ہے؛  ایک عوامی یا پرائیویٹ جگہ ڈانس کے لیے، ایک دوسرے کے ساتھ بانٹنے کے لیے، سننے کے لیے، یاد کرنے کے لیے  اور ڈانس کرنے کے لیے اکیلے میں یا مل کر۔

**لیونگ روم ڈانسز کی تخلیق میں جینس کے ساتھ مل کر مندرجہ ذیل نے کام کیا:**

کلئیر بڈلس، جان کاوانہ، کیون لو، رووان ڈوڈز، روتھ کلیمنٹس مکویڈ، جیمی مکویڈ، بروس مکویڈ، اوڈری مکویڈ، مشیل منٹگمری ماسٹرز، کری غوث، پول کونلی، ازابیل آئرنز، شونا ینگ، لینڈا ایپن، آ گتھا ڈن، مارٹن اوکانر، آدم ماسٹرز، مائکل جان مکارتھی، ٹونی مک الہل، سمیرا منصور، شازیہ بابر، محمد یاسر۔



# ویواریم   نک گرین

لاطینی زبان میں "پلیس آف لائف (زندگی کی جگہ)" کو کہتے ہیں
اس میں ایک بند ماحول میں پودوں اور جانوروں کی پرورش اور نشو دنما کی جاتی ہے۔

دو مہینوں سے نک نیو وکٹوریہ گارڈنز میں رہائش پزیر رہا جو کہ البرٹ ڈرائیو کے پاس ہی گلن اپ اسٹریٹ پر ہے۔

کافی مشاہدے کے بعد، ایک نازک میل جول، اور روزمرہ کے دوران اس جگہ کا حصہ بننے کی کاوش میں، ان مختلف آوازوں کو اکٹھا کیا جو ہمارے ساتھ موجودہ خلا کو بھرتی ہیں اور اس طرح تاریخی صوفی اور معاشرتی آوازوں کو اس نے ایک لڑی میں پرو دیا۔ ویواریم   اپنی موجودہ شکل میں معرض وجود میں آیا جو کہ کسی ایک شخص کا آڈیو پر تجربہ تھا وہ تجربہ تو اس نے گارڈنز کی چار دیواری میں حاصل کیا تھا۔

یہ دراصل اس پیچیدہ کمیونٹی کی نمائندگی کرتا ہے جو اس میں رہتی ہیں اسے سننے والا پولک شیلڈ کے اس ورثہ کا سفر کرتا ہے جو کہ دراصل اس سے اب تک چھپا ہوا تھا یہ کیا نشو نما پاتا ہے؟

س سوال کا جواب حاصل کرنے کیلیئے اس کو بنانے والے نے اس کمیونٹی کے ماضی اور حال میں گہرا غوطہ لگایا ہے اور مختلف کہانیوں کی مدد سے اس ورثہ کو سطح پر لے کر آنے کی کوشش کی ہے۔
ویواریم کو تخلیق کرنے میں نک   نے مندرجہ زیل کے ساتھ مل کر کام کیا:
دی نیو وکٹوریہ گارڈن کمیٹی اینڈ پلاٹ ہولڈرز، فیونا سدر لینڈز، ہیلری سٹینگر، سٹیون مکولی، مارگن مکولی، آسٹر مکولی، میتھیو موڈی، لورا موڈی، بیتھ مولون، نورمن سمتھ، دورتھی آلن، گریس ملر، سائرس ملر، ریچل برینن، ایدی برینن، سیرس برینن، عالی لورد، پال ٹرن بل، اون ٹرن بل، مری مکلیوڈ، شارن شواپیس،۔



البرٹ ڈرائیو کلر چارٹ (رنگوں والا چارٹ) ان 72 رنگوں پر مشتمل ہے جو البرٹ ڈرائیو پر آنے والے اور کام کرنے والوں پر منتخب کئے انہیں جمع کرنے میں پانچ مہینے کا وقت لگا حصہ لینے والے ہر شخص نے اپنے سے بعد میں آنے والے شخص کو دعوت دی ایک قسم کی ڈیزی چین آف کنکشن کی طرز پر۔

آرٹ ورک دو حصوں پر مشتمل ہے۔

پہلی ایک عارضی وال پینٹنگ جو کی ٹرام وے کی گیلری میں ہے جو کہ چنے ہوئے تمام رنگوں کو یکساں کر کے دکھاتی ہے اور یہ وہاں صرف نمائش کی حد تک رہے گی،

اور دوسرا حصہ ایک محدود ایڈیشن ہے جو کہ ایک ڈیجیٹل فائن آرٹ پرنٹ کی شکل میں پیپر پر پرنٹ کیا گیا ہے یہ 72 رنگوں کا پرنٹ دراصل نمائندگی کرتا ہے ان 72 لوگوں کی جنہوں نے اس کام میں حصہ لیا اور یہ ہر ایک شخص کو اس کے کام کے نتیجے میں تحفے کے طور پر دیا جائے گا اور یوں یہ پرنٹ البرٹ ڈرائیو پراجیکٹ میں حصہ لینے والوں کے گھروں، دفاتر، الاٹمنٹ دو کانوں وغیرہ میں پھیل جائے گا۔

وہاں پر ہاتھوں سے بنا ہوا رابطوں کا ایک نقشہ بھی ہوگا جو کہ ان تمام لوگوں کے مابین لنک یا رابطہ کو بتائے گا، ایک ڈرائنگ جو باہمی ہم آہنگی کو ظاہر کرگی جنھوں نے اس پروجیکٹ میں حصہ لیا۔

**البرٹ ڈارائیو کلر چارٹ کو بنانے کے لئے شونا کے ساتھ مندرجہ ذیل نے مل کر کام کیا۔**

جین گاون، فرینک نورٹن، پالین سلاون، لن مکیور، جارج برک، پولا مرڈک، ڈیوڈ مارٹن، جون والش، ڈونا بوروکینی، فیونا سدرلینڈ، میگی مارٹن، ڈیوڈ بلیک، ایلا کوپر، عالیسن بلیک، سٹیون پیسیٹی، کلیئیر ہارکر، جینیفر بووورز، برائین اونیل، پول رومانو، شہناز عالی، غزالہ حنیف، کیرن بوئیل، کالم کیمبل، جان گینن، کیرولن مکانول، نکولا سٹرجن، کیون میک، وویں ڈیوی، فاطمہ یوگن، شائستہ اسلم، کیٹی رولنڈز، نجمہ انور، ڈورتھی کیمرون، مارگریٹ مورن، مارٹن مورن، مری مک ڈونلڈ، نیوفز پیٹرک، روتھ مک ڈونلڈ، جینعفر مک گو، جوہان پیرسون، نکولا پیر سون، ماجا پیرسون، شینا مک مینامن، دیوائین کسونگا، بل مکلوکلن، بل کاہر، ووین ہولن، بشیر اسماعیل، محمد شفیق، امرت بیدی، عامر افضل، اسرا افضل، جینیفر وائیٹ، جوہانا فوزارڈ، ریچل اینڈرسن، ڈگ اوبری، کری غوث، نیو غوث، جیما تھرسٹون، ڈانی اوبری، عالسن لیون، رینی ہیتھرنگٹن، ازابیل آئرنز، نسرین غفور، چرن دیپ سنگھ، بروئینی رانڈال، فرح خان، پولا گرانٹ، فوزیہ عالی، اولن لینی، مونا سلطان۔



'سیل واٹیکا' انتخاب پولا مرڈک البرٹ ڈرائیو کلر چارٹ 2013 سے

# ہمارے پڑوسیوں کو خط  گلاس (س) پرفارمنس

جنوری سے لیکر اپریل تک گلاس (ایس) پرفارمنس والوں نے مختلف اسکولز کمیونٹی گروپس، گھروں، خاندانوں، اور پولک شیلڈ میں رہنے والوں کیلیئے ورکشاپس کا اہتمام کیا ان ورکشاپس کا مقصد اپنے علاقے اور ہمسائیگی  یا پڑوسیوں کے تعلقات کی اہمیت سے آگاہ کرنا اور ان طریقوں کو بڑھاوا دینا تھا جس میں ایک دوسرے کے بارے میں ہم بہتر جان سکتے ہیں

اس نتیجے میں پروجیکٹ کو لوگوں کی طرف سے سینکڑوں خطوط ملے یہ خطوط ہر عمر  سے تعلق رکھنے والے لوگوں نے لکھے تھے جو کہ کمیونٹی کے ہر طبقے کی نمائندگی کرتے تھے یہ خطوط نہ صرف ان لوگوں کا تعارف کرواتے تھے بلکہ سوالوں کے زریعے اپنے ہمسائیوں کے بارے میں جانکاری حاصل کرنے کی بھی کوشش کرتے ہیں۔

ان میں چنے گئے کچھ خطوط کو نمائش میں شامل کیا گیا ہے اور یہ نمائش البرٹ ڈرائیو ہر لائمپ پوسٹ پر آویزاں کی گئیں تھی تا کہ ان خطوط کو تمام لوگ پڑھ سکیں اور یوں اس نمائش کا حصہ بن سکیں۔





ایوری باڈیز ہاؤس دراصل گلاس (ایس) پرفامنس والوں کھلی دعوت ہے جو مقامی لوگوں کو ہے کہ وہ البرٹ ڈرائیو پروجیکٹ والوں کے ساتھ سڑک پر موجود ایک گھر کے اندر آ کر وقت گزاریں اور اس کے لئے ٹی کیڈی والوں نے تعاون کیا تھا۔ٹی کیڈی والے ماڈرن آرکیٹیکچر کی نمائندگی کرتے ہیں اور البرٹ ڈارائیو پراجیکٹ کے ساتھ اکٹھا مل کر کام کرتے ہیں۔
اس وقت کے دوران انہوں نے بڑی تعداد میں لوگوں کیمپز بانی بھی کی ہے اور ٹی پارٹی، پاپ اپ ڈسکو اوپن مک جیسی سرگرمیاں لوگوں کو متعارف کروائی ہیں۔
ٹی کیڈی ہاؤس گلاسگو کے ایدو آرکیٹیکچر والوں نے ڈیزائن کیا ہے

ہاؤس کا ڈیزائن البرٹ ڈرائیو کی آرکیٹیکچر کو خراج تحسین پیش کرتا ہے اور اس طرح سے ڈیزائن کیا گیا ہے کہ اپنے نام ایوری باڈیز ہاؤس کی طرح بلکل غیر جانبدار اور ہر ایک کیلئے شفاف شیشے کی مانند کھلا ہے

یہ جم میکوائے نے ڈیزائن کیا ہے جو کہ گلاسگو کے ایدو آرکیٹیکچر میں کام کرتے ہیں اس کو ڈالمارنک میں خالص المنیم سے تیار کیا گیا ہے اسکی تیاری جنیکسن اور کلےٹن ریوز نے کی جو کہ موبائل اپرائس (پہیوں پر چلنے والے یا موبائل ڈھانچے) بنانے کے ماہر ہیں بات چیت کے زریعے اور مختلف قسم کے تجربات کے ساتھ انہوں نے پہیوں پر چلنے والا یہ اسٹکر چر بنایا جو سب کی خوشی اور مسرت کا ذریعہ بنا اور یوں لوگوں کو یہ پیغام پہنچایا گیا کہ خانہ بدوشوں کی زندگی کیونکہ خود ایک جگہ نہیں ٹھرتی اسی طرح وہ ان چیزوں کو بنانے میں خوشی محسوس کرتے ہیں جو سفر کرتی ہیں وہ ایک پر نہیں ٹھہرتیں۔
یہ گھر تقریباً اسی طرح کی ہنرمندی کی نمائندگی کرتا ہے یا مماثلت رکھتا ہے جو ایک دفعہ ٹرام وے میں چیزیں بنانے کے سلسلے میں ہو چکی ہے، جب یہاں پر کوچ ورکس تھا، جو اپنے پورے وجود کے ساتھ پہلے بھی البرٹ ڈرائیو میں چلائی گئی تھی

ہلکے وزن کی، جگہ بدلنے والا، یہ گھر بڑی آسانی سے البرٹ ڈارائیو پر سفر کرے گا اور اس کو ہاتھوں کے ساتھ چلایا جائے گا تا کہ البرٹ ڈارائیو پر آمدورفت میں کوئی کسی قسم کی افراتفری وغیرہ نہ آئے یہ شفاف گھر جس کے اندر سے باہر دیکھا جا سکتا ہے اپنے کھلے اور اوپن ہونے کی نشاندہی کرتا ہے یہ ایک قدرتی قسم کی بڑی عمارت ہے جو بہت سی قسموں کے موسموں سے نپٹ سکتی ہے

یہ ایک چھوٹا سا گھر جو سب کے لئے کھلا ہے اور جس کا کچھ بھی چھپا ہوا نہیں


Asia Jeweller
ہر کسی کا
گھر
EVERYBODY'S
HOUSE
I'M ON
ALBERT
DRIVE

# البرٹ ڈرائیو: ٹیم سے ملاقات



## ایبی گیل ہاوکنس   پروجیکٹ کوآرڈینیٹر / فلم میکر





ایک  پروجیکٹ کوآرڈینیٹر کے طور پر میں اکتوبر 2012 سے البرٹ ڈرائیو  ایک حصہ کے طور پر کام کررہی ہوں اور ویک اینڈ کی آخری تقریب کی تیاری میں رہائشی فنکاروں کی معاونت کررہی ہوں۔

چونک میں صرف ستمبر میں ہی ساؤتھ سائیڈ میں منتقل ہوئی تھی۔کام کے لیے یہ ایک بہت اچھا منصوبہ تھا۔اور میں محسوس کرتی تھی کہ مقامی کمیونٹی کوتخلیقی طور پر فوراً جاننے کے لیے یہ ایک پرفیکٹ موقع تھا۔اگرچہ میں کچھ گلیوں کی دوری پر ہوں،لیکن اب میں محسوس کرتی ہوں کہ میں البرٹ ڈرائیو پر ہی رہتی ہوں۔

مجھے اس پروجیکٹ کے فنکاروں سے مل کراور ایک دوسرے کے ساتھ مل کر تنظیمیں طریقے سے کام کرتے دیکھ کر مسرت ہوئی۔یہ ایک بےنظیر  اور خوش آئیند تجربہ تھا،پہلے البرٹ ڈرائیو کے لیے اور پھر ساتھ ساتھ میرے لیے۔مجھے اس پروجیکٹ کا حصہ بنے میں بہت خوشی ہوئی جو کمیونٹی میں بہت سی منازل  مختلف طریقوں سے تہہ کرتا ہوا آگے بڑھا۔

اصل میں سکول گریجویٹ ہوں،البرٹ ڈرائیو پراجیکٹ سے پہلے حال ہی میں ڈائیورسٹی فلمز سی آئی سی کی بانی شریک کے طور پر متنوع (ڈائیورس) کمیونٹیز سکاٹ لینڈ میں کام کر رہی تھی۔ایک فلم میکر کے  ہونے کے طور پر  اس پروجیکٹ پر منفرد تصور رکھتے ہوئے البرٹ ڈرائیو پر ڈاکومنٹری  بنانے کے منصوبہ میں ٹیم کے ساتھ بھی کام کررہی ہوں۔

## ایبی واٹسن (تخلیقی سہولت کار) کریئیٹوفیسیلی ٹیٹر گلاس (ایس) پرمانس





گلاسگو میں یہ میرا چوتھا سال ہے اس سے پہلے میں مانچسٹر کے ایک گاؤں میں رہتی تھی یہ وہ لوگ تھے جو مل کر سالانہ تہوار اور میلوں کو خوب زور شور سے مناتے تھے میں اپنے آپ کو بہت خوش نصیب تصور کرتی ہوں مجھے ان تہواروں اور میلوں سے اپنے ہمسائیوں اور علاقے کے لوگوں کو جاننے میں مدد ملی۔

البرٹ ڈرائیو پراجیکٹ مجھے پھر سے خوشگوار موقع فراہم کرتا ہے کہ میں پولک شیلڈ کمیونٹی کا حصہ بن سکوں اور یہاں کے علاقائی لوگوں کے ساتھ اپنی جان پہچان کو بڑھا سکوں اور نئے پڑوسیوں سے مل سکوں۔


میں نے ماڈرن پرفامنس پریکٹس پروگرام میں آعزازی کی ڈگری حاصل کی ہے جو کہ رائل کنزرویٹوآف اسکاٹ لینڈ میں کروائی جاتی ہے میں ایک آرٹسٹ اور ایک مددگار ہوں جو کہ پرفارمنس کے کاموں میں مختلف نوعیت سے نہ صرف مدد کرتا ہے بلکہ خود بھی حصہ لیتا ہے۔

## ایلن ڈی مک ڈاکومنٹری فوٹو گرافر




میں پچھلے تیس سال سے ایک فوٹوگرافر ہوں لیکن پچھلے بیس سال سے میں زیادہ آرٹ کی دنیا سے وابستہ ہوں اور مختلف شوز اور پرفارمنس میں حصہ لے چکا ہوں اور خود آرٹسٹ کی فلمیں اور فوٹو بناتا ہوں میں بہت سالوں سے ٹرام وے میں کام کررہا ہوں اور ہمیشہ یہاں کام کر کے لطف اندوز ہوتا ہوں کیونکہ یہ پراجیکٹ میری اسٹریٹ یا حقیقتاً ڈرائیو پر ہے اس لئے میں یہاں موجودہ لوگوں کے ساتھ کام کر کے اور زیادہ خوش ہوتا ہوں۔

## ایلیسا میلن تخلیقی رضا کار





مجھے میوزک فلم اور آرٹ سے پیار ہے مجھے سفر کرنا اچھا لگتا ہے البرٹ ڈرائیو میں شامل ہونے سے پہلے میں سعودی عرب میں رہی تھی اس پراجیکٹ میں حصہ لینا میرے لئے اپنے قدموں پر نئے سرے سے کھڑا ہونے کے مترادف تھا اسکی مدد سے میں ساؤتھ میں رہنے والے لوگوں کو بہتر طریقے سے جان سکتی تھی میرا تجربہ شاندار رہا اور مجھے اپنے ہمسائیوں سے پیار ہو گیا

میں فائنل یا آخری ہفتے کا شدت سے انتظار کر رہی ہوں لوگوں کو اپنے کام کو دکھانا بہت جوش دلا رہا ہے میں خاص طور پر مشترکہ کھانے کا انتظار کر رہی ہوں کیونکہ مجھے کھانا بنانا اچھا لگتا ہے

جب میں البرٹ ڈرائیو کے لوگوں سے بات چیت نہیں کر رہی ہوتی اسوقت میں ویسٹ اینڈ میں زی کوٹ گیلری میں کام کر رہی ہوتی ہوں

## آرپیتا شاہ کمیشنڈ آرٹسٹ




میرا کام ایک ویثول (بصری) آرٹسٹ کا ہے اور میں ایک معاون اور مددگار کی حثیت سے کام بھی کرتی ہوں یہ کام ایڈن برا میں ہے میرا میدان فوٹو گرافی اور فلم ہے میں ان دونوں میدانوں میں مختلف تھیمز اور کلچرز اور سماجی شناختوں کے بارے میں معلومات اکٹھی کرتی اور کام کرتی ہوں

چونکہ میں انڈیا میں پیدا ہوئی مگر اسکاٹ لینڈ میں مقیم ہوں میں نے اپنی زندگی کے ابتدائی دن انڈیا اور ائرلینڈ اور مڈل ایسٹ میں گزارے اور پھر برطانیہ میں رہائش پزیر ہو کر سیٹ ہوئی میرا کام بھی اس چیز کی عکاسی کرتا ہے جو کہ مختلف معاشروں کی شناختوں کے بارے میں ہوتا ہے میرا کام ایشین اور ایسٹرن مائی تھالوجی سے نکلتا ہے جس کو میں ایشئن کلچر میں سمو کر دوسروں کے سامنے پیش کرتی ہوں۔

حال میں نے اپنی پہلی نمائش کا اہتمام کیا ہے جس کا نام نیمفا سی ء جو کہ میں نے اسٹریٹ لیول فوٹو ورکس کے ساتھ کام کرتے ہوئے انجام دی یہ پورٹریس کا مجموعہ ہے جو کہ ایشئن

عربی اورافریقی عورتوں کی کہانیوں تجربات اوران کی ذاتی شناخت کے بارے میں ہے جو
ان ملکوں سے آ کر اسکاٹ لینڈ میں بس گئی ہیں ابھی ابھی میں نے آنکور پروڈکشن کے
ساتھ کام کیا ہے جو کہ انٹر جینر یشنل جیوک باکس کا حصہ ہے جہاں میں نے ساؤتھ ایشئن
عمر رسیدہ لوگوں کے ساتھ کام کیا جو کہ ایک کہانیاں سنانے والی ورکشاپس پر مشتمل تھا اس
میں ہمارا دھیان زیادہ تر ان کی ہجرت کی کہانیوں اوران کے بچپن کے تجربات پر رہا ان
ورکشاپس میں ان کے بچپن کے میوزک پر بھی گفتگو کی گئی،
،،زندگی کی غزل،، کے نام سے میں نے اس پراجیکٹ کے حوالے سے ایک فلم بھی بنائی
جو کہ ٹرون تھیٹر میں دکھائی گئی اوران کے مینی فیسٹو کا حصہ بنی۔

---

## ایولون ہرنڈز تکنیکی پروڈکشن مینیجر،




میں اسٹیج کا پروڈکشن مینیجر ہوں جوفری لانس کام کرتی ہوں میرا تعلق کیلی فورنیا سے ہے لیکن
جب سے میں اسکاٹ لینڈ میں آئی ہوں مجھے گلاسگو کے آرٹ سین سے پیار ہو گیا ہے مجھے
بہت سارے پروجیکٹرز میں کام کرنے کا موقع ملا ہے مثلاً این ٹی ایس لائف گارڈ جو کہ
گون ہل باتھس میں ہے اور جمپ ایٹ پلیٹ فارم جو کی ایسٹر ہاؤس میں واقع ہے
میں نے بہت سی تھیٹر پروڈکشنز میں حصہ لیا ہے میں نے اس تھیٹر کو بہت چیلینجنگ پایا مگر اس
میں حصہ لینے والے بڑے دلچسپ لوگ ہوتے ہیں جو اتنی قسم کی خوبصورت کہانیاں سناتے
ہیں اور جو بھی اس میں حصہ لیتا ہے ان کہانیوں کے کسی نہ کسی پہلو سے متاثر ضرور ہوتی ہے
اس طرح کے پراجیکٹرز نے مجھے اس کام پر فخر کرنے کی وجہ دی ہے اور میں البرٹ ڈرائیو کا
ایک حصہ ہونے پر فخر محسوس کرتی ہوں اور میں مشتاق ہوں یہ دیکھنے کو کہ یہ راہ اب ہمیں
کہاں لیکر جائے گی۔

بشارت خان      کمیشنڈ آرٹسٹ،



میں ایک فلم میکر ہوں جس کو اس بات سے بے حد دلچسپی ہے کہ ہر کسی کی ذات سے وابستہ ایک کہانی ضرور ہوتی ہے اور میں اکثر ان کہانیوں میں چھپی دنیا کو ڈھونڈنے کی کوشش کرتا ہوں اس دلچسپی کی وجہ سے میں نے بہت سی ڈاکومنٹریز یا سکیوکنٹری، پاکستان اور اسکاٹ لینڈ میں بنائی ہیں۔

مجھے کمیونٹی ماحول میں کام کرنا اچھا لگتا ہے اور میں ہر طبقے اور نسل کے لوگوں کے ساتھ ویڈیو ورکشاپس کرتا ہوں میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک پلیٹ فارم ہے جس پر ہر طرح کے ہنرمند اور آزاد کے حامل افراد دنیا کو نئی نظر سے دیکھ سکتے ہیں اور نئی نئی امیجز اور ان سے وابستہ طرح طرح کی کہانیاں دراصل مجھے انسپائر یا متاثر کرتی ہیں۔

کرس ہال      تخلیقی معاون کریٹو فیسلی ٹیٹر گلاس (ایس) پرفارمنس آڈیو پرفارمنس نمائش اور مشترکہ کھانے کے بارے میں بتانے والا




مجھے گلاسگو میں رہتے ہوئے دس سال ہو گئے ہیں میں ڈھائی سال پہلے پولک شیلڈ میں رہائش پزیر ہوا تھا۔

پچھلے پانچ سال سے میں تھیٹر میں کام کر رہا ہوں میں نے تھیٹر اور تعلیم کے میدان میں، مصنف، اداکار، اور ڈائیریکٹر کے طور پر کام کیا ہے میں نے گلاسگو کے اندر اور باہر بہت سا تخلیقی کام پہنچایا ہے لیکن میں اپنی کمیونٹی کے کام کرنے کا مزہ ہی کچھ اور ہے اور اس کام کے دوران مجھے اپنے علاقے کے لوگوں کو ملنے کا موقع ملتا ہے۔

میں رائل کنزرواٹائر آف اسکاٹ لینڈ میں پروفیسر کی حثیت سے لیکچرز بھی دیتا ہوں اور ان انڈر گریگویٹ طلبہ کے ساتھ کام کرتا ہوں جو ماڈرن پریکٹس پروگرام میں کام کرتے ہیں اس کے علاوہ میں کمیونٹی لائف سٹائل اور کی ہاؤسنگ میں سپورٹ ورکر کے طور پر کام بھی کرتا ہوں

## کلیئر میک ایلسٹر   تخلیقی رضا کار




میں نے 2012 میں گلاسگو سکول آف آرٹ سکلپچیر ڈپارٹمنٹ سے گریجویشن کی اور البرٹ ڈرائیو پراجیکٹ میں رضا کار کے طور پر کام کرنے کے ساتھ ساتھ میں مختلف اقسام کے سکلپچیر بنانے کا کام کرتی ہوں اس کے علاوہ میں ان سکلپچیر کی ڈرائنگ اور فوٹو گرافی بھی کرتی ہوں، اس کے علاوہ میں، ،فری ایسوسی ایشن، ، کے نام سے ایک پراجیکٹ بھی چلاتی ہوں جو نئے آرٹسٹوں کی پورے گلاسگو میں کام کی نمائش میں مدد کرتا ہے

میں پچھلے سات سال سے گلاسگو کے ساؤتھ سائیڈ میں مقیم ہوں اور اس علاقے سے بہت پیار کرتی ہوں میں نے البرٹ ڈرائیو پروجیکٹ میں اس لئے کام کیا تھا تا کہ میں سیکھ سکوں کہ مقامی لوگوں کی زندگیوں پر آرٹ کسطرح سے اثر انداز ہوتا ہے

## ڈانی ہال کروفٹ   ٹیکنکل پروڈکشن مینیجر فار ایگزیبیشن اینڈ ایونٹس




میں 1981 سے اس دنیا میں کاربن ڈائی اکسائیڈ پیدا کر رہا ہوں اور پچھلی ایک دہائی سے میں نے گلاسگو میں پانچ فٹ گیارہ انچ لمبا خلاء پر کر رکھا ہے۔ میں نے بہت سی چیزیں بنائی ہیں کچھ آرٹسٹوں کے لئے کچھ اپنے لئے کچھ گیلریز کی دیواروں کی زینت بنیں اور کچھ دیواروں سے باہر پھینکی گئیں مگر میں اسے اپنی خوش نصیبی سمجھتا ہوں کہ میں نے آرٹسٹوں کو ان کے تخلیقی آرٹ میں مدد فراہم کی ہے اور پھر سکاٹش پویلین کو وینس بائی نیل اور ٹرنر پرائز میں دکھایا ہے میں اپنا ذاتی کام بھی کرتا ہوں جس کی نمائش میکسیکو اور جرمنی کی گیلرز میں کی گئی ہے۔

